# اشتہار نیلام عام بذریعہ (E-Auction) ٹی ایم اے کلاچی

بحوالہ حسب ہدایات صوبائی حکومت مراسلہ نمبر AOII/LCB/6-11/2026 مورخہ 07th May 2026 تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن کلاچی اپنے مندرجہ ذیل ٹھیکہ جات برائے میعاد سال 2026-27 از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027 کو بروز سوموار، منگل اور بدھ صبح 9:00 بجے تا سہ پہر 04:00 بجے تک مورخہ 08,09,10 جون کو صوبائی حکومت کی پالیسی کے مطابق E-Auction آن لائن نیلام عام کرنا چاہتی ہے۔ خواہشمند حضرات ٹھیکیداران جنہوں نے سال 2026-27 کے لیئے لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخواہ پشاور سے متعلقہ کلاس میں رجسٹریشن یا اس کی تجدید کرائی ہو۔ اور کسی بھی لوکل کونسل/ٹی ایم اے کا بقایا دار نہ ہو تو وہ بذریعہ online (E-Action/E-Baldia) سسٹم کے تحت لوکل گورنمنٹ کی ویب سائٹ eauction.lcbkp.gov.pk system پر کھلی بولی میں درج ذیل شرائط کے تحت حصہ لے سکتے ہیں

01۔ یہ کہ ٹھیکہ جات کی نیلامی بذریعہ (E-auction) مالی سال یعنی کہ از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027 کیلئے ہوگی۔

02۔ (Online) کھلی بولی میں حصہ لینے سے قبل 5% زر بیعانہ بصورت کال ڈیپازٹ (Original) بنام تحصیل میونسپل آفیسر TMA کلاچی بنوائے گا اور بولی کے پہلے دن ہی اسکی تفصیل محکمہ لوکل گورنمنٹ الیکشن اینڈ رولرڈ ویلپمنٹ خیبر پختونخواہ پشاور کی مذکورہ بالا ویب سائٹ پر اندراج کر کے میں حصہ لینے کا مجاز ہوگا نیز ہر ٹھیکہ کیلئے علیحدہ علیحدہ کال ڈیپازٹ ادا کرنا ہوگا۔

03۔ کامیاب بولی دہندہ آن لائن بولی کے مقررہ کردہ وقت ختم ہونے کے 3 دن کے اندر اندر دفتری اوقات کار میں 15% ایڈوانس اور 5% سیکیورٹی زر بیعانہ بشکل اصل کال ڈیپازٹ جو کہ اس نے بولی میں حصہ لینے سے قبل ویب سائٹ پر انٹر کی ہوگی مذکورہ کال ڈیپازٹ ہمراہ رجسٹریشن اور قومی شناختی کارڈ مصدقہ نقول ریگولیشن برانچ تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن کلاچی میں جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ اور ناکامی کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ کی 5% سیکیورٹی، کال ڈیپازٹ بحق TMA کلاچی ضبط کی جائیگی۔ مزید برآں صوبائی حکومت (لوکل کونسل بورڈ) کو پہلے سے جمع شدہ سیکیورٹی ضبط کرنے کی سفارش بھی کی جائے گی اور کامیاب بولی دہندہ کی بولی منسوخ کی جائیگی۔ نیز کامیاب بولی دہندہ TMA کلاچی کے ساتھ اندر میعاد (07) روز (Agreement) کرانے کا پابند ہوگا۔

04۔ ویب سائٹ پر دی گئی کال ڈیپازٹ سے متعلق تفصیل غلط یا جعلی ہونے کی صورت میں ٹھکیدار کو بلیک لسٹ کیا جائیگا۔ کسی بھی لوکل کونسل کا بقایا دار ٹھیکدار آن لائن بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہیں ہوگا۔ اور ساتھ ہی کامیاب بولی دہندہ کی 5% سکیورٹی، کال ڈیپازٹ بحق TMA کلاچی ضبط کی جائیگی

05۔ یہ کہ سالانہ فیس/ ٹیکس کی وصولی پر مشتمل ٹھیکہ جات کے لیئے ٹھیکیدار 50% ایڈوانس اور بقایا 50% اسی مالی سال کے اندر اندر تین مساوی اقساط میں جمع کرانے کا پابند ہوگا۔

06۔ اور یہ کہ کامیاب بولی دہندہ دو ایسے افراد کو بطور ضامن پیش کریگا جن کے پاس ٹھیکہ کی رقم کے مساوی غیر معقولہ جائیداد ہو اور جسکی تصدیق متعلقہ فرسٹ کلاس مجسٹریٹ سے کی گئی ہو۔

07۔ اور یہ کہ بولی میں حصہ لینے والے ٹھیکیداران KPPRA رولز کے مطابق Khyber Pakhtunkhwa (KPPRA) سے رجسٹر ہوں۔

08۔ اور یہ کہ کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کل زر نیلام کے علاوہ حکومت کی طرف سے لاگو انکم ٹیکس علیحدہ جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ جبکہ دیگر ٹیکسز جو کہ وفاقی/صوبائی حکومت سے وقتاً فوقتاً لاگو ہونگے کو بھی جمع کرانے کا پابند ہوگا۔

09۔ اور یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کو ٹھیکہ کا قبضہ اس وقت تک نہیں دیا جائے گا جب تک اس نے کل رقم ٹھیکہ کا زر پیشگی اور ضمانت داخل خزانہ ٹی ایم اے کلاچی نہ کیا ہو۔

10۔ اور یہ کہ ٹھیکیدار ماہانہ قسط/اقساط ہر مہینے کی پانچ تاریخ یا اس سے پہلے جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ اور تاخیر کے نتیجے میں دس دن تک 2% بطور جرمانہ ہوگا جس کے بعد تین لگاتار نوٹسز جاری کئے جائینگے، عدم تعمیل کی وجہ سے اس مہینے کی پندرہ تاریخ تک ٹھیکہ کی منسوخی ہو سکتی ہے۔

11۔ یہ کہ بولی دہندہ صوبائی حکومت کی لاگو شدہ شرائط وضوابط کا پابند ہوگا۔ اور کسی بھی تنازع کی صورت میں متعلقہ RMO فیصلہ کریگا، جو حتمی ہوگا۔

12۔ یہ کہ مجاز اتھارٹی کو اختیار ہوگا کہ وہ معقول وجوہات کی بنا پر کسی ایک یا تمام بولیاں مسترد کر دے نیز دیگر تفصیلات و شرائط وضوابط اور شیڈول وغیرہ بابت ٹھیکہ جات دفتری اوقات کار میں TOR برانچ TMA کلاچی سے حاصل کی سکتی ہیں۔

| نمبر شمار | نام ٹھیکہ جات | زر بیعانہ بشکل بنک کال ڈپازٹ | تاریخ نیلام | میعاد ٹھیکہ | وقت |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | منڈی بھیڑ بکری ہتھالہ | 300,000/- | 08/06/2026 تا 10/06/2026 | 1 سال 2026-27 از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027 | بروز سوموار صبح 9:00 بجے تا بدھ سہ پہر 0400 بجے تک |
| 2 | موٹر لاری اڈہ کلاچی | 200,000/- | ایضا | ایضا | ایضا |
| 3 | منڈی مویشیان کلاچی | 150000/- | ایضا | ایضا | ایضا |
| 4 | واٹر ریٹ ریکوری کلاچی | 500,000/- | ایضا | ایضا | ایضا |
| 5 | مذبحہ خانہ فیس کلاچی | 5000/- | ایضا | ایضا | ایضا |
| 6 | سائن بورڈ فیس | 30,000/- | ایضا | ایضا | ایضا |
| 7 | منڈی بھیڑ بکری چنجی گیٹ کلاچی | 4000/- | ایضا | ایضا | ایضا |

بحکم:۔

تحصیل میونسپل آفیسر ٹی ایم اے کلاچی

المشتہر

تحصیل آفیسر ریگولیشن ٹی ایم اے کلاچی